تعارف ○ دار العلوم الخیریة السلفیة

دار العلوم الخیریہ السلفیہ باغ آزاد کشمیر کا قیام ۱۹۸۴ء میں ہوا۔ اس دار العلوم کا افتتاح سیکرٹری رابطہ عالم اسلامی جناب عبداللہ بن عمر نصیف نے کیا۔ یہ دار العلوم زیر سرپرستی مولانا محمد انور رکن الدین فاضل مدینہ یونیورسٹی کر رہے ہیں۔ آزاد کشمیر کی یہ ایک واحد اور منفرد سلفی دینی درسگاہ ہے۔ دار العلوم کی دو شاخیں ہیں ایک طلباء کی اور دوسری طالبات کی۔ اس وقت میں ۲۰۰ سے زائد طلباء اور طالبات زیر تعلیم ہیں۔

۱)..... طلباء میں درج ذیل شعبہ جات قائم ہیں:

(۱) درس نظامی ' (۲) شعبہ ناظرہ ' (۳) شعبہ ترجمہ القرآن والکریم و تفسیرہ

اس کے علاوہ دار العلوم میں اللغتہ عربیہ یعنی عربی سکھانے کا سنٹر بھی ہے۔ مدرسہ کا الحاق وفاق المدارس سلفیہ پاکستان سے ہے۔ دار العلوم میں الخیریہ ٹرسٹ کے نام سے ایک شعبہ بھی قائم ہے جو علاقہ جات میں مساجد کی تعمیر ڈسپنسریاں اور واٹر ٹینک تیار کرواتی ہے۔ اس ٹرسٹ نے اس وقت تک تقریباً ۳۳ مساجد ۱۵ واٹر ٹینک اور ۴ ڈسپنسریاں تعمیر کروائی ہیں۔ اس کے علاوہ دار العلوم میں تحفیظ القرآن کی دس شاخیں ہیں۔ جہاں طلبا اور طالبات قرآن کی تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ دار العلوم میں طلباء کیلئے داخلے سال بھر جاری رہتے ہیں۔

اس دار العلوم میں ایک مرکزی لائبریری بھی ہے جس سے طلباء اور طالبات کے علاوہ اہل منطق حضرات استفادہ کر رہے ہیں۔

دار العلوم الخیریتہ السلفیتہ

واٹر سپلائی روڈ باغ ' آزاد کشمیر (پاکستان)

منجانب

عبد القدوس (فاضل)

ڈائریکٹر امور شعبہ نشر واشاعت